PUNJAB
Education Foundation

حوالہ نمبر: PEF/QAI/ADU/2024/205 تاریخ: 31 دسمبر، 2024

محترم پیف پارٹنر : (FAS, EVS, NSP)

السلام علیکم!

عنوان: اطلاع بابت FAS, EVS & NSP- QATs برائے سیشن 2024-25ء

آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تمام پروگرامز کا کیو-اے-ٹی برائے تعلیمی سال 25-2024ء مارچ 2025ء میں لیا جائے گا جبکہ حتمی تاریخوں کا شیڈول اور امتحانی طریقہ کار کا اعلان بعد میں کیا جائے گا- مزید براں پارٹنرز سکولز کے اساتذہ اور طلباء کی سہولت کے لیے کیو-اے-ٹی کے متعلقہ مواد مثلاً کونٹینٹ بک، ماڈل پیپرز اور سبقی اشارات پیف کی ویب سائٹ پر پہلے ہی اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں- کیو-اے-ٹی برائے تعلیمی سال 25-2024ء کے حوالے سے اہم معلومات درج ذیل ہیں-

1- تمام سکولز کے لیے کیو-اے-ٹی میں شامل ہونا لازمی ہے کسی بھی سکول کے کیو-اے-ٹی میں غیر حاضری کی صورت میں اس سکول کو فیل سمجھا جائے گا اور دوبارہ کسی بھی صورت موقع فراہم نہیں کیا جائے گا-

2- کیو-اے-ٹی پیپرز اردو اور انگلش دونوں زبانوں میں حل کیے جا سکتے ہیں-

3- کیو-اے-ٹی کے لیے کانٹینٹ بک کا 31 دسمبر تک کا نصاب شامل ہو گا-

4- تحریری کیو-اے-ٹی کلاس سوئم سے لے کر کلاس بارہویں تک سینٹر بیسڈ لیا جائے گا- پارٹنرز اپنے سکول کے طلباء کی مقرر کردہ امتحانی سینٹر میں با حفاظت آمدورفت کے ذمہ دار ہوں گے- مزید براں نرسری / پریپ، اوّل اور دوئم کلاسز میں سے کسی دو کلاسز کا زبانی امتحان سکول میں ہی لیا جائے گا-

5- مختلف درجوں کے سکولز میں کیواے ٹی کے لیے کلاسز کے چناؤ کی تفصیل حسب ذیل ہے-

پرائمری	سوئم سے پنجم دو کلاسز	کل دو کلاسز
ایلیمنٹری	سوئم سے پنجم دو کلاسز، ششم سے ہشتم ایک کلاس	کل تین کلاسز
سیکنڈری	سوئم سے پنجم ایک کلاس، ششم سے ہشتم ایک کلاس، اور نہم دہم، ایک کلاس	کل تین کلاسز
ہائر سیکنڈری	سوئم سے پنجم ایک کلاس، ششم سے ہشتم ایک کلاس، نہم دہم، ایک کلاس اور گیارہویں، بارہویں، ایک کلاس	کل چار کلاسز

تاہم ایسے سکولز جن میں کلاس سوئم یا اس سے بڑی کلاسز میں طلباء موجود نہیں ہیں ان میں کلاس سوئم سے نیچے کلاسز کے طلباء کا زبانی امتحان لیا جائے گا- اور منتخب شدہ کلاس میں سے 25 فیصد طلباء کا انتخاب کیا جائیگا- البتہ اگر کسی کلاس کے 25 فیصد طلباء کی تعداد 15 یا اس سے کم بنے گی تو اس صورت میں کم از کم 15 طلباء کا امتحان لیا جائے گا (مثلاً ایک کلاس میں 52 طلباء ہیں اور ان کا 25 فیصد تقریباً 13 طلباء بنتے ہیں اس صورت میں کلاس میں سے 13 کی بجائے کم از کم 15 طلباء منتخب کئے جائیں گے-) کلاس میں طلباء

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-9330273 & 75

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399

میں طلباء کی تعداد 15 سے کم ہونے کی صورت میں تمام طلباء کا ٹیسٹ لیا جائے گا (کیو-اے-ٹی کے لیے عالمی معیار کے مطابق (Application Software) ایپلیکیشن سافٹ ویئر کی مدد سے کلاسز اور ان کلاسز کے SIS Data میں موجود بچوں کا Random چناؤ کیا جائے گا)۔

6۔ 25 فیصد طلباء میں سے 10 فیصد طلباء غیر حاضری اور 10 فیصد طلباء کے ڈراپ آؤٹ ہونے کی صورت میں رعایت دی جائے گی۔ رعایتی شرح فیصد سے زائد غیر حاضر طلباء کو فیل تصور کیا جائے گا۔

7۔ کیو-اے-ٹی پیپرز ماڈل پیپرز کی طرز پر بنائے گئے ہیں۔

8۔ SIS Data میں موجود صرف وہی بچے Inclusive Students تصور کیے جائیں گے اور ان کو کیو-اے-ٹی سے استثناء حاصل ہو گا جن کی تصدیق متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے کی گئی ہوگی۔ متعلقہ ڈیپارٹمنٹ سے غیر تصدیق شدہ بچوں کو کیو-اے-ٹی سے استثنا حاصل نہیں ہے۔

9۔ پارٹنرز امتحانی عملہ کے پاس موجود حاضری شیٹ کے مطابق اچھی طرح تصدیق کے بعد کیو-اے-ٹی میں شامل کروانے کے ذمہ دار ہوں گے۔ حاضری شیٹ سے مطابقت نہ رکھنے والے طلباء کو امتحان میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔ اس کے علاوہ سکول پرنسپل منتخب بچوں کا تمام ریکارڈ / داخل خارج، حاضری رجسٹر بھی امتحانی عملہ کو چیک کروانے کے پابند ہوں گے۔

10۔ تمام متعلقہ ریکارڈ بشمول سکول مہر، طلباء کے مکمل حاضری رجسٹر، تمام مدارج کے داخل خارج رجسٹر اور Updated SIS Booklet کا پرنٹ وغیرہ امتحانی عملے کے ملاحظہ کے لیے امتحانی سینٹر لے کر آئیں۔

11۔ امتحانی سنٹر میں کلپ بورڈ کے علاوہ دیگر اشیاء مثلاً کتاب، بستہ یا کاپیاں لانے کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔

12۔ طلباء کو صرف سیاہ بال پوائنٹ اور پوائنٹر سے پرچہ حل کرنے کی اجازت ہوگی۔ لیڈ پینسل / رکچی پینسل کے استعمال کی اجازت ہرگز نہ ہوگی۔

13۔ صرف نہم، دہم، گیارہویں اور بارہویں کلاسز کو کیلکولیٹر استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

14۔ پیپر کے کسی بھی حصہ میں طالب علم کو اپنا نام، سکول کا نام، سکول کوڈ یا دیگر معلومات درج کرنے کی ہرگز اجازت نہ ہوگی خلاف ورزی کی صورت میں پیپر کینسل کر دیا جائے گا۔

15۔ سکول پرنسپل یا دیگر عملہ کو امتحانی عمل میں مداخلت کی اجازت نہ ہوگی۔

16۔ کیو-اے-ٹی Physically اور NADRA ویریفائیڈ طلباء کا لیا جائے گا جو 10 نومبر 2024ء تک SIS میں ایکٹو تھے۔

17۔ مزید برآں کیو-اے-ٹی برائے سال 25-2024ء میں شامل ہونے والے سکولز کی ٹیسٹ میں پاس ہونے کی شرح فیصد درج ذیل ہوگی:

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-9330273 & 75

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399

ایف-اے-ایس: کم از کم 75 فیصد طلباء کیو-اے-ٹی میں کم از کم 40 فیصد نمبرز حاصل کریں۔

ای-وی-ایس: کم از کم 50 فیصد طلباء کیو-اے-ٹی میں کم از کم 40 فیصد نمبرز حاصل کریں۔

این-ایس-پی: کم از کم 50 فیصد طلباء کیو-اے-ٹی میں کم از کم 40 فیصد نمبرز حاصل کریں۔

امید ہے درج بالا تفصیلات کی روشنی میں آپ پیف انتظامیہ اور امتحانی عملہ سے بھرپور تعاون کریں گے اور کیو-اے-ٹی کا مجوزہ شیڈول کے مطابق انعقاد یقینی بنائیں گے۔ پیف کے قواعد وضوابط ر ضابطہ اخلاق کو مد نظر رکھتے ہوئے اس امتحان کو خوش اسلوبی کے ساتھ کامیاب بنانا آپ کی اہم ذمہ داری ہے جس کے لیے ہم آپ کے تعاون کے شکر گزار رہیں گے۔

اہم نوٹ: کیو-اے-ٹی میں حسب سابق جماعت سوئم سے لے کر جماعت ہشتم تک چار مضامین ریاضی، اردو، جنرل سائنس ر واقفیت عامہ اور انگریزی شامل ہوں گے ہر مضمون کا پرچہ 25 نمبر پر مشتمل ہو گا، کل نمبر 100 ہونگے، نہم اور دہم سائنس کی صورت میں چھ مضامین اردو، انگریزی، فزکس کیمسٹری بیالوجی یا کمپیوٹر سائنس اور ریاضی شامل ہونگے، ہر مضمون کا پرچہ 20 نمبر پر مشتمل ہو گا، کل نمبر 120 ہونگے، نہم اور دہم آرٹس کی صورت میں چار مضامین ریاضی، اردو، جنرل سائنس اور انگریزی شامل ہونگے، ہر مضمون کا پرچہ 20 نمبر پر مشتمل ہو گا، کل نمبر 80 ہونگے، گیارہویں ر بارہویں پری میڈیکل ر پری انجینیرنگ کی صورت میں پانچ مضامین اردو، انگریزی، فزکس کیمسٹری اور بیالوجی ر ریاضی شامل ہونگے ہر مضمون کا پرچہ 20 نمبر پر مشتمل ہو گا، کل نمبر 100 ہونگے، گیارہویں ر بارہویں آرٹس کی صورت میں تین مضامین اردو، انگریزی اور اسلامیات لازمی ر مطالعہ پاکستان شامل ہوں گے ہر مضمون کا پرچہ 20 نمبر پر مشتمل ہو گا، کل نمبر 60 ہونگے۔ نرسری ر پریپ، اول اور دوئم کلاسز کا زبانی امتحان لیا جائے گا۔ نرسری ر پریپ اور اول کلاسز کے لیے تین مضامین ریاضی، انگریزی اور اردو شامل ہوں گے ہر مضمون کا پرچہ 10 نمبر پر مشتمل ہو گا، کل نمبر 30 ہوں گے۔ دوئم کلاس کے لیے چار مضامین ریاضی، انگریزی، اردو اور واقفیت عامہ شامل ہوں گے۔ ہر مضمون کا پرچہ 10 نمبر کا ہو گا، کل نمبر 40 ہوں گے۔

خیر اندیش

ڈائریکٹر (کیو-اے-آئی)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-9330273 & 75

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399